جب تیغ نگہ تیرے دے اسلام کو قوت ۔ افواج مین کفار کے پڑ جاے ہٹا ہٹ
دارا جو مین سر پر دُر نایاب سخن کو ۔ گردن مین لپٹ لینے لگے بوسی چٹا چٹ
طفلی ہے سی مکتب مین تیرے دیہیا نہین اگر ۔ کہاتا رہا آخون سے کے بید سٹا سٹ
ٹک دیکہہ خزان مرگ کی غافل نہو ہشیار ۔ جہڑتے ہین بسر و برگ شجر تر سے چٹا چٹ
دعواے سخن کا نہوش گر دسلیمے ۔ استادون سے جو باندہی مضامین چٹا چٹ

غزل سودا

جبکے خط اتری تو اس سے دل لگانا ہی عبث ۔ سیر کو وقت خزان گلشن مین جانا ہی عبث
ابر مین آیار رہ سکتا ہی کتنا آفتاب ۔ چہرہ کو اندر نقاب ہسی چہپانا ہی عبث
پوچہتے کیا ہو کہ شب کسطرح گذری مجہہ بغیر ۔ گذری سو گذری جو کچہہ سکا فسانا ہی عبث
تا صبا داغ جگر جون شمع پہنچا تا قدم ۔ جل چکا سب کچہ تب آتش کو بجہانا ہی عبث
غیرت ای سودا نہین ہے مقتضے اس بات کی ۔ جی ہی دو رہین پہر اسکو منہ دکہانا ہی عبث

غزل تمنا

زلفون کا دام پہینکا ہے ہم پر عبث عبث ۔ بل کہاے اپنے گیسوئے ہم پر عبث عبث
ہر طرح کرنا چہوٹے مرے سنا کچی بات کو ۔ سوگند کہانا میرے قسم پر عبث عبث
اصلاح پر مزاج سہنین سے ہے خفا دہ سوخ ۔ خط پر عبث عبث سے قلم پر عبث عبث
پلکون کے آستین سے کافی ہی سشیخ تو ۔ رکہتا ہی ہاتہ دیدۂ نم پہ عبث عبث
اسے اشک چشم یار کا شہرانہ کر ذرا ۔ بدنام ہے میرے شور وستم پر عبث عبث
نقشہ گلے کا اسکے تمنا ہی دل یہ نقش ۔ تہمت ہے صرف باغ ارم پر عبث عبث

غزل سلیمی

رات جانان نے کیا ہم سے یہ پیغام عبث ۔ آے کل رات مرے گہر مین سر شام عبث
فکر کرتا ہون کر آغاز محبت مین کہ ہے ۔ آخر الامر کو سہ ہے عشق کا انجام عبث

ہاتھ سے اس بت پرفن کے باامید وصال	رات صہبا کے لیے ہمنے کئے جام عبث
اہل گلشن کا یہی طور تھا کل گلشن مین	گالیان دیتا ہے بلبل کو گل اندام عبث
رات دن سر پہ سلیمے کی اظالم خونخوار	کھینچتا ہیگا سدا خنجر و صمصام عبث

غزل آتش

بنین گے حیبگا زیور چاند و سورج	گھڑا کرتے ہین زرگر چاند و سورج
چڑھین کیا تری منہ پر چاند و سورج	جوان ہے تو معمہ چاند و سورج
قسم ہے سر کے مجھکو اے رخ یار	نہین تیرے برابر چاند و سورج
جبین ہوتے ہین جب وہ دیکھتے ہین	سر آئے یار کا در چاند و سورج
وہ رخسارے جو ہوتی ہین مقابل	نکل جاتی ہین بچکر چاند و سورج
چراغون مین جو تیرے راستی کے	رہین روشن نہ کیونکر چاند و سورج
تمہارے روبرو ہوکر ہوے ہین	سفید و زرد اکثر چاند و سورج
وہ یکتا نور کا ہے تو جو دیکھے	رہین حیران ہوکر چاند و سورج
چڑھے ہے میری طرح سے جو تپ عشق	ہلال آسا ہون لاغر چاند و سورج
وہ بالون مین اگر رکھی نہ باندھے	اوڑین سیدا کرین پر چاند و سورج
ہم اس میخانہ کے ہین مست آتش	کہ جھلکے ہین دو ساغر چاند و سورج

غزل شجاعت

نہین تجھسا ہے کوئی گلستان آج	غلام آسا تیری پیر و جوان آج
یہ قد سرو سہی پر چشم نرگس	ختم بس کر گیا ہی باغبان آج
بہار بوستان گلہ وہی بر مین	نکل جل جا یہان سی اے خزان آج
مصور کھینچ سکے تصویر اسکے	کہ یکتا حسن مین ہی سو میان آج
وہین بولا ترش ہو چین جبین ہو	ہوئی دشوار تجھبیر کیا زبان آج

مرے طوطے طبع باشندہ لبتان — ذرا ہوجا تو اب شکر فشان آج
شجاعت کیا چلی اس جاد کیر کے — دلاور ہی وہی شوکت نشان آج

غزل حاتم

سرو اسکے قد سے گر دعوی کرے گلشن میں آج — چھیڑتا ہے فاختہ اڑ ر نیا شہپر سے آج
خال دانہ زلف دام ابرو کمان مژگان ہی تیر — دل ہمارا سہم اب کہتا ہے کار ابتر سے آج
راتدن جاری ہی عالم میں مرا فیض سخن — گو کہ ہوں محتاج پر حاتم ہوں اس جوہر سے آج
زلف چشم و خال و خط چارون ہیں دشمن دین کے — حق رکھے ایمان سلامت ایسی کفرو شر سے آج
ہاتھ مت کھینچ ای جنون تجھکو مری سر کی قسم — ایک جیب تک بھی رہی تار گریبان سر سے آج

غزل میر

حال ہاہی سکو تسی اتنی غفلت کیا ہی آج — کوئی گھڑی تو پاس ہو یہان پھر وہ فرصت کیا ہی آج
سامنی ہی وہ اٹھ پر انکہ نہین کہل سکتی ہے — دلتنگی سی کی ہی دم کیا کہی صورت کیا ہی آج
فرق و تیغ جٹے رہتی ہیں جب دونکی لاگ لگے — اس ظالم بیرحم کی سیر ایسے صحبت کیا ہی آج
شیشہ صراحی ساغر و مینا سب کچھ ٹوٹ گئی ہی جانا رہی — کوئی بادہ فروش نہین یہ پیر حرمت کیا ہی آج
میر غریب کیا عشرت ہی جو عیش تم کرنی لگی ہو — تاب نہین کیا ضعف ہے دلمین جی بیطاقت کیا ہی آج

غزل سراج

اپنا جمال مجکو دکہا نا رسول آج — عاجز کے التماس کو کرنا قبول آج
ای مہربان طبیب شتابی علاج کر — تیر نظر کے درد سی ہی دلمین سول آج
مرہم تری وصال کا لازم ہے ای صنم — دلمین لگی ہی ہجر کی برچھی کی ہول آج
سراج بزم بلبل نالان خراب ہے — سر جھار رہا ہی صحن گلستان مین پھول آج
بیکر ہوں عذاب قیامت سے ای سراج — دین محمدی کو کیا ہوں قبول آج

غزل ترقی

ہے عجب لذت شکار افگن تری تیرونکی بیچ
جسکا چرچا ہو رہا ہی سارے نخچیرونکے بیچ

کل جو دیکھے شکل مجنون جسنے تصویرونکی بیچ
ایک مشت استخوان تھی لاکھون نخچیرون کی بیچ

خون کی قطرون کا عالم تو میرے اشکو نمین دیکھہ
لعل کی ٹکڑی چمکتے ہین پڑی ہیرون کے بیچ

بلبلون تمکو مبارک ہو یہ گلگشت چمن
لالہ وگل کا نہ کہیو ذکر دلگیرون کے بیچ

آگے دل ہوتا تھا بیکل اسکا میرے آہ سے
آگیا ہی فرق اب آہون کی تاثیرون کے بیچ

گر مرقع مین کہینچے ہو اس مسیحا کے شبیہ
جان پڑجائی مصور ساری تصویرون کی بیچ

وہ خماری انکھڑیان کبہی ہوئی بالو نمین دیکھہ
جسطرح دو مست جگڑی ہووین نخچیرون کے بیچ

قاصد اکیا خط لکھون مین اسکو فرط شوق سے
فوت ہو جاتا ہے مطلب مجہسے تحریرون کے بیچ

گفتگوے یار کی کیا بات ہے کیا کہات ہے
ساری محفل کو لگا لیتا ہی تقریرون کے بیچ

اور تو صورت تمتع کوئی بخشش کے نہین
ہان مگر باعث ہو یہ تقصیر تقصیرون کے بیچ

غزل سودا

سودا گرفتہ دل کو نہ لاؤ سخن کے بیچ
جون غنچہ سو زبان ہی اسکی دہن کے بیچ

پانی ہو کر بہ گئے میرے اعضائین کی راہ
باقی ہی جون حباب نفس پیرہن کے بیچ

جن نے نہ دیکہی ہو شفق حسن کی بہار
اکر ترے شہیدون کو دیکھی کفن کی بیچ

وہ خار مرغ رو نہین اہل جنون کے پاس
پاس کو نہ میرے جو نہ پہنچا ہو بن کی بیچ

کل رخصت بہار تھی شبنم صفت کے روز
رویا ہر ایک گل سے گلے لگ چمن کے بیچ

آتشکدہ مین دیکھہ تو شعلہ سے ہے بیقرار
آرام دل جلون کو نہین ہے وطن کی بیچ

بعد از شباب ہون تری انکھیان زیادہ مست
ہوتی ہی روز کیفیت شراب کہن کی بیچ

سودا نے اپنی یار سے چاہا کہ کچھ کہے
اسپیے سے گئے نگاہ رہے من کی من کی بیچ

غزل انشا

بیگمان چاہ کے دریا کے بڑے باٹ کو سوچ
بید ہٹ کر پاؤن نہ رکھہ تو پہلے تو گہر گہاٹ کو سوچ

بے جاتے ہین پہاڑ اسمین کہان تہل بیڑا ۔ دہار تلوار سے بھی تیز ہی اس کا ٹکو سوچ
ای دوا یہان سے چلے جا تو دبے پاؤن ابھی ۔ دیکھہ کمبخت کھٹولے کو نہ کچھ کہاٹ کو سوچ
ٹاٹ کے ٹکڑے پہ کھینچا جو اونھین تو لیلین ۔ میرے کپڑونکی طرف دیکھہ اور اس ٹاٹ کو سوچ
موتیون مین اونہین آنکھون کی ترازو مین تول ۔ اری انشا نہ تو بنیونکی طرح باٹ کو سوچ

غزل آتش

بلا اس زلف پیچان کا ہے ہر پیچ ۔ خم اندر خم ہے ہر ہر پیچ در پیچ
اسے لے خیر کیجیو کہا رہی ہے ۔ اودہر وہ زلف اودہر نازک کمر پیچ
ہوئی ہین زلف پیچان سے بھی طرے ۔ ترے دستار کے سیداد گر پیچ
نہو اس زلف پیچان کا جو سودا ۔ سمجھ لے اپنے قسمت کا اثر پیچ
ہوا اب خط خبر دار سے لانا ۔ نہ پڑنے پائے کچھ اے نامہ بر پیچ
ترے زلفون کا وہو کہا ہمکو دیگا ۔ سراسر خم ہے سنبل سر بسر پیچ
نہین دم باز ہم ہمکو نہ دم دے ۔ کرے جو پیچ اے یار اوس سے کر پیچ
فراق یار سے کشتی پڑے ہے ۔ پچھاڑا چل گیا آتش کا گر پیچ

غزل میر

عشق مین اے طبیب ہان ٹک سوچ ۔ پائی جان درمیان ہے یہان ٹک سوچ
بے تامل ادا سے کیون مت کر ۔ قتل مین میرے مہربان ٹک سوچ
سر لبر یت جہان سے جا غافل ۔ پاؤن تیرا جہان پڑے ٹک سوچ
پھیل اتنا پڑا ہے کیون یہان تو ۔ یار اسکے گئے کہان ٹک سوچ
ہو نشہ اپنا ہلا نہ سمجھے ہین ۔ لیئے عیب کہو لے تو زبان ٹک سوچ
گل و رنگ و بہار پردے مین ۔ ہر عیان مین ہے وہ نہان ٹک سوچ
فائدہ سر جہکے شب مین میر ۔ پیر لیسے آگے ای جوان ٹک سوچ

غزل حسرت

گل جو پہنچے تیری آواز مری کان کے بیچ — آ گئے سنتے ہی بس جان مری جان کے بیچ

سخت ہے خوف مجھے دل کا عدا خیر کرے — آگ بھڑکے ہی اسی سینۂ سوزان کی بیچ

یہان تلک روئے ترے غم مین کہ روتے روتے — نام نم کا نہ رہا دیدۂ گریان کے بیچ

ساربان محمل لیلے کو ادھر کو لے چل — خاک مجنون کے بھٹکتے ہے بیابان کے بیچ

وای اے فصل خزان سیر نہ کیا گل کو — اور ہی رنگ ہوا باغ کا آن کی بیچ

دور و یک شاخ پہ گل بیٹھے ہو ہی بلبل زار — حسرت اس شعر کو پڑھتے تھی گلستان کے بیچ

غزل آتش

رہ الفت مین نقد عمر کر خرچ — کہین ہر چند ممسک تجھکو ور خرچ

کہان اب طاقت صبر و تحمل — یہ دولت ہو چکی ہے بیشتر خرچ

دو کالے سانپ وہ گیسو ہین جنکے — تماشے مین ہوے ہین گنج زر خرچ

نہین یہ بار گیسو سے لچکتے — نزاکت کرتے ہے ان کی کمر خرچ

خدا دی دولت قارون تو کیجے — نہ حاتم نے کیا ہو اسقدر خرچ

وہی دیگا لب شیرین کا بوسہ — ممنون کرتا ہے جو رازق شکر خرچ

ہم اپنی نقد جان پر کھیلتے ہین — ترا ہوتا ہے کیا ای سیمبر خرچ

جنون عشق ہے غارتگر ہوش — کرے کیا عقل مند یہان شر خرچ

رہا کرتی ہے فکر شعر گوئی — کیا کرتے ہین ہم خون جگر خرچ

چلے دنیا سے داغ عشق لیکر — یہی توشہ ہے بہر سفر خرچ

ملا جو اوسکو سمجھے من و سلوے — توکل پر رہا شام و سحر خرچ

حسینون نے ہی آتش کو ہم کوٹا — رہا فرمائشون ہی خرچ پر خرچ

غزل سودا

سیر چمن ہے جگ کی جو اے عمر تو کیا ہیچ — رنگین ہے جو اسنے کا گل ہمین عہد بقا ہیچ
شیشے کو ہے توڑو تو نکلتی ہی یک آواز — عاشق کا یہ دل ہی کہ جو ٹوٹے تو صدا ہیچ
اسباب جہان دل نی کیا جب نظر انداز — پوچھا جو مین کیا دیکھی ہی دیوانہ کہا ہیچ
ناصح تو نہین جانتا ہے درد سے آگاہ — بے عشق بتان جینے کی لذت بخدا ہیچ
مانی نہ بندھے گا کبھی نقش اسکی کمر کا — فرسودہ نکر خامہ کو اب فایدہ کیا ہیچ
ہم شیخ کے سنتے تھی مریدون سے بزرگی — دیکھا جو اونہین جا کی تو عمامہ سوا ہیچ
سودا نے کہا مین جو تری شعر کو سنکر — جو دیکھا تجھے آگے تو ہے بی سروپا ہیچ
بولا کہ تجھے یاد ہے وہ مصرعۂ بیدل — عالم ہمہ افسانۂ ما دارد و ما ہیچ

غزل آتش

بہار آئی چمن مین چلی ہوای قدح — پڑھی وہ مست جسے یاد ہو دعای قدح
دکھا رہا ہی عجب آئینہ صفای قدح — سرور اسی ہی جو ہی صورت آشنای قدح
زمانہ مین کوئی مجھسا نہین ہی دریا نوش — حباب وار ہے سر مین بھری ہوای قدح
شراب خوار کرے گی بہار صوفی کو — دکھائی گی لب بیگانہ آشنای قدح
صراحی وار ہی گردن نہین فقط اونکی — دو چشم مست کے گردش ہی ہین سوای قدح
پری کی ساتھ ہو تم ہو کہ اسمین شیشہ سے — مثال گریہ مینا و خندہ ہای قدح
شراب خانہ مین کرتا ہون سیر دریا کی — دکھایا کرتا ہی لہر آب باصفای قدح
بلند لغزش ہوگی قدر ستون کے — بنے گی خشت سر خم کی بنای قدح
سبو بستہ خم کے کی نہ پاتو ہے — کسی نے منہ نہ لگایا مجھی سوای قدح
جہان کی سیر دکھاتا ہی نشہ صہبا — دماغ رکھتی ہین جمشید کا گدای قدح
ان آنکھون نے نہین جو کیفیتین سرخ ڈورے ہو وہ — کھونگا نشہ دو رنگ مین طلای قدح
جواب دو رکھیا کیف می فی اس ست کا — خبر ای خیر دے ساقی تجھے خدای قدح

دو چشم مست کا ساقی کی وصف ہی مقصود
کنایہ ہی یہ جو کرتے ہین ہم ثناے قدح

شراب عشق کے پیتے ہے ہوش اوڑ ہی ایسے
کہ ابتدا مین ہوا حال انتہاے قدح

فراق یار مین دوران سے ہے دور شراب
لڑا کے شیشہ سی توڑون یہ ہے ہواے قدح

یہ جلوۂ مہ و خورشید سے کہلا آتش
ہنوز باقی ہی دور فلک مین جاے قدح

غزل ناسخ

کیون دکھائی ای فلک بے یار صبح
ہی شفق سے مجھپہ آتش بار صبح

یہان کسی خورشید رو کی یاد مین
ہوتی ہے ہر رات سو سو بار صبح

زلف سی رخسار کو ہوتا ہے ربط
کیون شب فرقت سی ہی بیزار صبح

کھینچکر فرقت مین تیغ آفتاب
ہے ہماری جان کو خونخوار صبح

وصل کا سامان ہے آج ای فلک
شام سے کر بیٹھی تیار صبح

حسن کا عالم ہی کیا عالم ہے واہ
زلف جانان شام ہی رخسار صبح

سینۂ پرداغ و چاک پیرہن
ہے وصال یار مین گلزار صبح

وصل مین تھا صبح سے بیزار مین
ہجر کے شب مجھسے ہے بیزار صبح

قہر ہو گر شعلۂ پر زر تیرا
دیکھ پائے اے پری رخسار صبح

چاک کرتے ہی گریبان دیکھکر
کارچوبے مہر کے دستار صبح

شام کیا ہو تیرے گھر مین یار جب
نور سے ہین سایۂ دیوار صبح

وصل مین حاضر تو غایب ہجر مین
دیتی ہے ہر شب نیا آزار صبح

ہے یہان کسکو شب فرقت مین ہوش
ہو چکی ہوگی ہزارون بار صبح

وصل کی شب کب ہوئے ہمکو نصیب
شام کو کرتا ہے نور یار صبح

ہی دعا اے خالق لیل و نہار
ہو یہ شام کاکل دلدار صبح

غزل تابان

ابرو و تیر سے مجھکو کیا وار بے طرح
دل مین میرے لگی ہے یہ تلوار بے طرح

ممکن نہین کہ عشق کے ہاتھون سے جی بچے
پیدا ہوا ہے مجھکو یہ آزار بے طرح

عالم تمہارے پیچ مین آویگا آج جان
زاہد کے فکر مین ہے وہ میخوار بے طرح

بگڑی ہی کو پیچ اوسکے پیے کا شراب آج
تمنی سجا ہے پیچیدہ بلدار بے طرح

کیا جانیے کہ آج کس عاشق کی ہے اجل
کھینچے ہوا ہی آج تو میرا یار بے طرح

ممکن نہین قفس سے کہ گل تک پہنچ سکے
بلبل ہوئی ہی اب کے گرفتار بے طرح

غارت خدا کرے یہ ترے ملک حسن کو
ہے فوج خط کے گرد نمودار بے طرح

تاباں نہ تھا کہ یار کو کیون کر منائیے
اب کے ہوا ہے مجھسی وہ بیزار بے طرح

غزل ضیا

دلکو پسند ہی بت عیار کے طرح
اقرار وصل کرتا ہی انکار کے طرح

بارش ابھی ہے دور پر آنکھون نے اسقدر
باندھا ہے تار رونے کا بوچھار کیطرح

جیبر یکو بل جو دیکی پیچ اونسی چھوڑ
جسپر غضب ہی یہ تری رفتار کی طرح

گرچہ فراق یار مین جون دل دو نیم ہون
سنتا ہی کب وہ ایسی ستمگار کے طرح

دو دن کی زندگی پہ مناسب ہے کہ غرور
بھاتی ہی اپنی دلکو طرحدار کے طرح

تجھکو یہ کیا ہوا ہے ضیا کچھ تو حال کہہ
کل پوچھتا تھا تجھکو وہ غمخوار کیطرح

غزل ناسخ

ردیف خا

ہے نازکی سے قامت جانان چمن کی شاخ
سوز درون سے بیچ مین ہون خار کہن کی شاخ

دیکھی جو اوسکے سلسلۂ پرشکن کی شاخ
کھاتی ہے پیچ و تاب غزال ختن کی شاخ

عالم کو بعد مرگ بھی ہے ظالمون سے ربط
غنچہ کا دستہ کیون نہ بنی کر گدن کی شاخ

ہم وحشیون سے کے بخت جو برگشتہ ہین تو ہون
سینہ ہی کسطرح نہو جیسے ہرن کی شاخ

رسکے جو سرے جو نشے اوسنی تہ فن
سنتکو ہوا گمان کہ ہے سیب ذقن کی شاخ

دیکھین یہ جو چنبیلے کے کلیون سے انگلیان
وہ تیری دست و پا کو کہین کیا سمن کی شاخ

دکھلائی اپنی فندق پا کے جو تو بہار
پابوس کو چمن کے جھکی نارون کے شاخ

مرتا ہون مین کسیکی نزاکت پہ دوستو
پھر جسپہ تیغ ہو جو نازکی ہون کی شاخ

وصف صباحت رخ جانان اگر لکھون
درکار ہو ہمارے قلم نسترن کی شاخ

ای عندلیب جھڑتے ہین کیا تیری منھ سے پھول
گویا ہر ایک نالہ ہے نخل چمن کے شاخ

معنی ثمر حروف و ورق صنعتین ہین گل
ناسخ ہے کلک فکر نہال سخن کے شاخ

غزل آتش

ہوا نہ حسن سے خال سیاہ جانان سرخ
نہ کرسکا رخ کافر کو نور ایمان سرخ

حلال ہونیکو سب سے ہین پہلے ہم موجود
وہ پان کھا کے کرین تو لب و دندان سرخ

یہ اشتیاق شہادت مین خون روتا ہون
بریدہ حلق سے ہے حلقہ گریبان سرخ

ہوئی ہین غصہ سے کیا لال لال وہ آنکھین
نظر پڑا ہی کبھی جو لباس ترکان سرخ

عجب عداوت اخوان دہر سے یا بخین
کری جو خون سی یوسف کی گرگ دندان سرخ

ترا وصال ہے ای سیمبر عجب دولت
خوشی سے ہوتا ہی کندن سا رنگ انسان سرخ

ہمیشہ کرتی ہی اس بحر حسن سے پنجے
حنا کا رنگ ہو کیون کر نہ مثل مرجان سرخ

ترے شہیدون کے آگے نہ رنگ پکڑیگا
ہزار رنگ سے ہو لالۂ گلستان سرخ

سفید کپڑے نہین پہنتا وہ خسرو حسن
سنا ہی جب سے کہ تاج و قبا ہی سلطان سرخ

چمن مین لالہ و گل رہتے ہین گریبان چاک
دکھا دیا کسے رنگین ادا نے دامان سرخ

شراب دینے مین وقفہ نہ کیجیو ساقی
ہوا نہین ابھی رخسار یار چندان سرخ

اثر پذیر طبیعت بھی شرط ہی آتش
نہ کیف مے سے ہو آنکھون کی طرح مژگان سرخ

غزل سودا

یہ ہاتھ ہو سکے زلف اسکی سی کہان گستاخ
نسیم و شانہ مگر ہو تو ہو وہان گستاخ

چمن کے سیر مین ہمکو اگر سنے دم صبح
چلے نہ جاے صبا سیکو بوستان گستاخ

سبھے کے کوچہ میخانہ سے گذر زاہد
کہ رند ہوتی ہین اکثر بزاہدان گستاخ

کچھ اسکے بے ادبی کا گلہ نہین مجھکو
نظارہ بازون سے ہوتی ہین مہوشان گستاخ

نہ جائیو کبھی اے شیخ بزم خوبان مین
کہ تو وقار طلب ان کی ہی زبان گستاخ

نہین ہے میرا سخن طبع زاد ای سودا
کسے بزرگ کی خدمت مین درجہان گستاخ

غزل آتش

کرتا ہی زندگی کو تمہارا حجاب تلخ
اٹھو نہین تو ہے سینگا نقاب تلخ

آغاز تشنہ عشق کا انجام ہی بخیر
کیفیت شراب ہی شیرین شراب تلخ

شربت کی گھونٹ کافرالی لیکی پیجیے
ہر چند تیغ کا ہو تمہاری لعاب تلخ

سائل ہون بوسہ لب شیرین نگار سے
شان کریم ہی نہ اگر دی جواب تلخ

عاشق ہی ہین جو سنتے ہین ان نونہال حسن
عنقلن سے ہین بسر سخن ناصواب تلخ

بیمار کا فراق ہون مین ہجر یار مین
سم ہی طعام میرے لیے اور آب تلخ

سودا زلف یار سی نیند اوڑ گئی مرے
اس درد سر سے کر دیا آنکھونکو خواب تلخ

شیرین لبون کے کیون نہ گوارا ہون گالیان
ملتی ہی قند کی نہین مقتی گلاب تلخ

بنتا ہی جبکہ عشق کی آتش ہی دل اسرا
ٹپکے ہین اشک صورت اشک کباب تلخ

شیرین ادائیون سے جو محفوظ تو کرے
شکر کو مور شہد کو سمجھے ذباب تلخ

وصلت کی شب مین ہوتا ہے ہر بات پر ترش
عیش و نشاط کرتا ہی انکا عتاب تلخ

غافل نہو فریب محبت کے آشنا
یہ چاشنی ہی آتش خانہ خراب تلخ

غزل کنور

غمزۂ یار سے ہے میرے جگر مین سوراخ
جیسے کرتا ہو کوئی لعل وگہر مین سوراخ

تیر مژگان سی ہوا میرے نظر مین سوراخ
جیسے ہو سوزن فولاد سی زر مین سوراخ

اس دل تفتہ سے برلاؤن اگر آہ الم
چرخ پر ہووے وہین شمس و قمر مین سوراخ

تیرسے کشتہ تیر نگہ مہوش کے
یون زرہ دیکہون ہون نئی راہ گذر مین سوراخ

بن گیا نیش سے مژگان کی مرا سینہ یون
ہووے جسطرح سے زنبور کے گہر مین سوراخ

کثرت گریہ سے ڈرتا ہون مبادا ہووے
روتی روتی نہ کہین دیدۂ تر مین سوراخ

ہی کسے غمزدہ کے آگا شاید ہمہ اثر
دیکہتا ہون جو عیان گہر کی ہر در مین سوراخ

دل مشبک ہی مرا خار غم ہجر سے یون
جسطرح تیرون سے پڑجائین سپر مین سوراخ

دل مرا یون ہی کنور تیر نگاہون سی فگار
پہر ثمر ن کری کوئی تخم ثمر مین سوراخ

غزل ضیا

دلربا ہی مرا بڑا گستاخ
مین نے اتنا نہ سمجہا تہا گستاخ

ابتو وہ شوخیان لگا کرنے
یک بہ یک ایسا ہو گیا گستاخ

نازبیجا کبہی نہ کرتا تہا
کیا رقیبون نے کردیا گستاخ

جانفشانی نے ہم اسپہ کرتے ہین
رام ہرگز نہ وہ ہوا گستاخ

اے ضیا کیجیو سمجہ کے کلام
وہ صنم تو ہے بے وفا گستاخ

غزل آتش

پری پسند طبیعت پہ ہے نہ حور پسند
تمہارے سر سے ہین ہم ہکو ہین حضور پسند

ہر ایک شہر خریدار ہی دل و جان سے
وہ جنس حسن ہے تو جو ہی دور دور پسند

اتارے پر پرے اوڑ کر بہار مین اسکے
برہنگی کی قبا ہے جنون غیور پسند

نگاہ اپنی ہے وابستگی کے سودی مین
مسبرون کی نہین ہمین کچہ ضرور پسند

نگہ مین اپنے سماتا نہین ہر ایک حسین
پری کے چہرے کی اوپر ہی چشم دور پسند

ہوا ہی جب سے کہ ساقین یار کا سودا
زیادہ تر مجہے ہیرے سے ہی بلور پسند

ہوئی ہی خانہ دل مین جو روشنی منظور
کیا ہی آنکہون نے اپنے چراغ طور پسند

روشن دل

گناہ عشق کا بس جیسے کہ مرتکب دل ہے
زبان کو میرے ہے ذکر یا غفور پسند

خیال یار کا رہنے لگا ہی اسمین سبب
ہوا ہی دل کو بھی آنکھوں کی طرح نور پسند

نہ عقل ہے نہ دلا محو حسن صورت ہو
کھلونے مٹی کے کرتے ہین بی شعور پسند

دل اک نگاہ کے اوپر ہی بیچتا آتش
کرین جو آپ سے سب حرف و بی قصور پسند

غزل ناسخ

یار آیا تو ہوئے دیدۂ ناکام سفید
جیسے ہون آمد سلطان مین در و بام سفید

پڑے عکس اسکی لب سرخ کا گر ساغر مین
ہو خجالت سی وہین بادۂ گلفام سفید

دید اس چشم سیہ سے کے نہ میسر ہوا ہے
دیدۂ غزہ ہون مثل گل بادام سفید

سو جسے مضمون بیاض رخ جانان جو مجھے
ہو گیا رنگ مرکب دم ارقام سفید

سرخ پوش آئے نظر شوخ تہ رنگ بدن
پہنے پوشاک جو وہ سرو گل اندام سفید

گو پہنتا نہین جز جامۂ رنگین تو آج
کفن اک روز ملی گا تجھی خود کام سفید

غزہ کر حسن وو روزہ پہ نہ ای سیم اندام
رنگ سب رنگون مین ہوتا ہی بہت خام سفید

اسپنے رخسار پہ چھوڑے نہ کبھی تو جو نقاب
ہوئی ای صبح امید ابلق ایام سفید

حرف مطلب جو لکھون مین تو وہ دیتا ہے جواب
بھیجتا ہی مجھے کاغذ وہ دلارام سفید

تیرے محبوب کے قاصد نی کہا اے ناسخ
ہو گیا منہ جو ترا سنتے ہی پیغام سفید

غزل میر

زمین پر مین جو پہنچا خط کو کر بند
بہت تڑپا کیا چون مرغ پر بند

گرفتِ دل سے ناچار ہی یعنی
رہا ہون بیٹھ مین بھی کر کی گھر بند

پھنسا دل زلف و کاکل مین نہ پوچھو
پڑا ہی ناگہ اک سب بند پر بند

سب اسکے چشم پر نیرنگ کے محو
نگہ کے ان سے عالم کے نظر بند

چمن مین کیو نکہ ہم پیوستہ جاوین
بلند از بسکہ ہے دیوار و در بند

بہت پیکان تیر یار تو نے
تمام آہن ہے اب میرا جگر بند

ہوئیں رونیکی مانع میرے پلکیں
بندہا خاشاک سے سیلاب پر بند

کہا کیا جائے ان ہونٹون کی آگی
ہمارے لب کرے ہی یہ شکر بند

کہلے بندون نہ آیا یہان وہ اوباش
پہر اموڑ ہی پہ ڈالے بیشتر بند

یہی اوقات ہینگے دید کے میان
رکہہ اپنی چشم کو شام و سحر بند

بچا رہتا تہا چہرہ جس سے سو اب
گریبان مین ہے وہ دست ہنر بند

فن اشعار مین ہون پہلوان میر
مجہے ہے یاد اس کشتی کا ہر بند

غزل انشا

نہ لگی مجہکو جب اوس یار طرحدار سے گنبد
ان نے محرم کو سنبہال اور ہی تیار کی گنبد

دست رس ہو تو ترے سیب ذقن پر مارون
قرص خورشید کی اور لمعۂ انوار کی گنبد

جہٹ پلٹ آن لگے بیچ مین چہاتی کے مرے
تہی یہ رو کے ہوئی کس محرم اسرار کی گنبد

رکہی ہے ماہ شب چاردہم ولمین ہوس
کہ وہ قالب بنی اور ہو تیری دستار کی گنبد

لیجیے اسکے بدل آپ جو یہ نہ مین
گم ہوئی مجہسے جو کل رات کو سرکار کی گنبد

گردمقیش طلائے کے کرن ٹکوا کر
مین یہ لایا ہون نیا اطلس گلنار کی گنبد

گوکہرو لہرنت ڈانک ستارون کے سمیت
اور یک بہیجینگے زربفت نمودار کی گنبد

شالی رومال کے تو چوٹ مجہے کچہ نہ لگے
اب نیا پہینکے ہی کمخواب کی شلوار کی گنبد

لگے فرمانے وہ پڑہ پڑہ غزل انشا کو
واہ کیا خوب بنی کاغذ اشعار کے گنبد

غزل نظیر

چہوٹا بڑا نہ کم نہ مجہو لا ازار بند
ہی اوس پری کا سب سے امولا ازار بند

ہر ایک قدم پہ شوخ کے زانو کے درمیان
کہتا تہی کس جہلک سے جہکولا ازار بند

گوٹا کنارے بادلا مقیش کے سوا
تہے چار تولہ موتی جو تہولا ازار بند

ہنسنے مین ہاتھ میرا کہین لگ گیا تو وہ
لونڈے سی بولی جا میرا دھولا ازار بند

اور وہ ہو نہین تو پہنک دی ناپاک ہو گیا
وہ دوسرا جو ہے شہپرولا ازار بند

اکدن کہا یہ مین نے کہ اے جان آپ کا
پہنے کبھو نری مین نہ کھولا ازار بند

سنکر لگے یہ کہنے کہ کیا پوچھتی ہے خوش
ایسا ہی کیا مین رکھتی ہون بولا ازار بند

اک رات مرے ساتھ وہ عیار مکرباز
لیٹے چھپا کے اپنا ممولا ازار بند

جب سو گئی تو مین نی بے دہشت اوسکی آ
پہلے تو چپ سکے چپکے ٹٹولا ازار بند

آخر بڑے تلاش سے اوس شوخ کا نظیر
جب آدھی رات گذری تو کھولا ازار بند

غزل خاشاک

تھا کل یار کی دیکھی جو نہین تنویر سفید
ہو گیا سکتا مجھے بن گئی تصویر سفید

کالا منہ کرتے ہین مجرم کا یہی رسم بلاد
منہ کیا یار نے میرا دم تعذیر سفید

سادہ کاغذ عوض نامہ دیا قاصد نے
ہوئی شاید مرے تقدیر سے تحریر سفید

دونون رخسارون پہ یہ عکس نہین موتیون کا
گرد خورشید کے یہ کھینچی ہے تحریر سفید

داغ فرقت نہین جاتا کسی صورت دل سے
زنگی ہوتا نہین ہرگز کسی تدبیر سفید

لاکھ تدبیر کے کچھ بس نہین چلتا میرا
کرون کسطرح سے یار و خط تقدیر سفید

کوئی جانان کا تجسس کیا مین نے یہان تک
کوچہ گردی سے ہوئی پاؤن کی زنجیر سفید

سنکے آواز مری ہوتا ہی بجھو دالیا
جسطرح ہوتا ہے کافر دم تکبیر سفید

دم سے لیتے تو لیا پھر جو نہین تیور ہی بدلے
رنگ رو میرا ہوا باعث تقصیر سفید

رنگ مکھڑے کا مرے دیکھ کے فق ہوتا ہے
پیدا کی آہ نی شاید مرے تاثیر سفید

آسمان پہ یہ نمایان نہین سیارے ہین
دیکھو خاشاک کی ہین نالۂ شبگیر سفید

غزل خان

ہنسکے سودا وہ تشنہ قیس ہوا سیر کے بعد
نہ رہی دشت مین خالی کوئی جا تیرے بعد

کہا عجب ہے جو اوٹھے مرقد لیلے سی صدا
میرے مجنون ترا کیا حال ہوا میرے بعد

تیز رکہیو سر ہر خار کو اے دشت جنون
شاید آجاوے کوئی آبلہ پا میرے بعد

وہ ہوا خواہ چمن ہون کہ چمن مین ہر صبح
پہلے مین جاتا ہون اور باد صبا میرے بعد

منہ پہ رکہہ دامن گل روینگے مرغان چمن
ہر روش خاک اوڑائیگی صبا میرے بعد

اسلیے کرتا ہون مین چاک کفن کو اپنے
کون کہوےگا مرے بند قبا میرے بعد

جیتے جی قدر بشر کی نہین ہوتی پیارے
یاد آویگی تجھے میرے وفا میرے بعد

لاش مجہہ کشتہ کاکل کی کوئی لٹکا دیجو
تا نہو وے کوئی محبوس بلا میرے بعد

دل پہ یک سانپ سا لہراتا ہی مرقد پہ صنم
کون سونگہیگا ترے زلف دوتا میرے بعد

جلکے کہدیوے کوئی خان کی زبانی اتنے
اب نہین آتے ہو پہر آوگی کیا میرے بعد

غزل رفیع السودا

اشک کو کب ہی شناسائی گہر سے پیوند
صاحب درد کی ہے اسکو نظر سی پیوند

دل کو میرے نہ جدا دل سی کر اپنی ظالم
مین کیا ہی یہ بہت خون جگر سی پیوند

دامن ابر پکڑتا ہی جو اتنا شاید
کسی عاشق کے ہو دیدہ تر سے پیوند

کون ایسا ہی جسے دست ہو وصل سازی مین
شیشہ ٹوٹے تو کرین ہم ہنر سی پیوند

کہینچتا کیون ہی عبث ناز طبیب آکے سودا
درد کو دل کے نہین درد جگر سی پیوند

غزل آتش

رتبہ رکھتے ہین ترے ابروے خمدار بلند
طاق کعبہ سے ہان طاق خوش آثار بلند

کیا کہون کہتے ہین مضمون قد یار بلند
سرو و شمشاد سی ہین مصرعہ اشعار بلند

دیکہیے کسکو شرف ہو ترے پابوس کا
رکھتی ہین دست دعا کا فرو دنیدار بلند

گوش گل تک ہو قفس مین سے رسائی ایسی
تیری آواز ہوا ے مرغ گرفتار بلند

تیری درگاہ کی اندر سے رفعت ای دوست
آستانے کسی گہر کے نہین دیوار بلند

گوش عبرت سے سنی تو تو ہر اک قمری سی حق
نعرۂ فاعتبروا یا اولی الابصار بلند

سیکڑون مصر بستے ہین مہ کنعان سے
چاہیے اختر اقبال خریدار بلند

تخت پر بیٹھ کے کر سیر چمن ای محبوب
پایہ رکھتا ہے ترے حسن کا گلزار بلند

شمع رویا شب ہجر مین جو یاد آیا
شعلے صبح ہوئے آہ شرربار بلند

تشنۂ زخم ہے دل کبھی کب کرتی ہے
پانی اپنا ہی سے سر سے تری تلوار بلند

غزل میر

رنگ کے پھر آئے اُڑ گئے شاید
بگڑے سے تھے کچھ سنور گئے شاید

سب پریشان دلی مین شب گذری
بال اسکے بکھر گئے شاید

ہین مکان و سرا و جا خالی
یار سب کوچ کر گئے شاید

کچھ خبر ہوتے تو ہوتے خبر
صوفی سب بے خبر گئے شاید

آنکھہ آئینہ رو چھپاتے ہین
دل کو لے کر مکر گئے شاید

لوہو آنکھون مین اب نہین آتا
زخم اب دل کے بھر گئے شاید

اب کہین جنگلون مین ملتی نہین
حضرت خضر مر گئے شاید

بیکلی ہی قفس مین ہے دشوار
کام سے بال و پر گئے شاید

شور بازار سے نہین اُٹھتا
رات کو میر مر گئے شاید

غزل آتش

فروغ مہر کا سید اگر ہی ہارا چاند
ہلال سامنی سے اسکے ہو وے سارا چاند

تمام رات ہوئی گر گیا کنارا چاند
او ترے بام سے تم جیتے اور ہارا چاند

نقاب اولٹ کی رخ رشک ماہ دکھلا دو
اندھیری رات مین ہی ایک ایک تارا چاند

وہ ماہ آج جو آیا تو کل گیا غدا
نشاط عیش مین گذرا کبھی نہ سارا چاند

وہی ہی خوب جسے جو پسند خاطر ہے
نگاہ کبک مین سورج سی ہی پیارا چاند

ہلال بدر سے ہر چاند مین ہوا ہیرنہپ
نہ کر سکا ترے ابرو کا پار اشارا چاند

شراب پیکے کروگے رخ صبح کو سرخ
حرارہ لادیگا خورشید کا تمہارا چاند

فراق یار مین کوئے حسین نہین بہاتا
گران ہے مہر جہانتاب ناگوارا چاند

مقابلہ جو رخ آتشین یار سے ہو
یہ بیقرار ہو اور جاے بنکے تارا چاند

ترے غلامی کا دعوی ہے یار اسکو بھی
جبین کے داغ کو رکھتا ہے آشکارا چاند

زمانہ یار کا آیا گذر گیا یوسفؑ
طلوع نیر اعظم ہوا سہارا چاند

ہمارے دل مین نہین نقش روی روشن یار
پری کے بدلے ہی اس شیشہ مین اوتارا چاند

ملاویگا ترے پاپوش کی ستارون سے
کبھی ادھر سے کریگا نہ کیا گذارا چاند

رخ حبیب سے ممکن نہین فروغ آتش
اگر وہ حسن سے شعلہ ہی تو شرارا چاند

غزل سودا

لے آئے در پہ تیرے جو ستم کشان فریاد
ہوئی کسی کے نہ اون مین ہی رائگان فریاد

کیا ہی قد کو مرے شاخ ارغوان کا رشک
تمہاری ہاتھ سے ای چشم خون فشان فریاد

مین دیکھتا ہون جسے ہی وہ آپ ہی نالان
تمہارے کیجیے کس پاس اے تبان فریاد

تم اپنے جور سے مت سمجھیو کہ نالان ہون
یہ دوستون کی ہے دوری سے دشمنان فریاد

نہ میرے دل کی خمیشے ہے ہو جب آرام
کبھو ہوا ہے کرے مرغ نیم جان فریاد

قسم ہے گل کے تجھے عندلیب سودائی
جو تو کیا نکرے ملکے ہزار مان فریاد

غزل سجاد

وارث تخت یقین عیش ہو اسیر کے بعد
صید کس اسکو کیا دام بلا میر کے بعد

دشت غربت مین مرا حال سنا ہو فرہاد
تیشہ سر اپنی پہ مارا سو پہر امیر کے بعد

خار صحرای جنون پہنیک دے جن جنگلی صبا
تا کوئی آتا نہو آبلہ پا میرے کے بعد

اسلیے سرخ مین رکہتا ہون گریبان کفن
یہ شہادت کی گواہی ہو بھلا میر کے بعد

جیتے جے آستانہ ترسا دکروگی پہر یاد
گرچہ یاد آئے وفا میرے تو کیا میرے بعد

یاد اوس کاکل زیبا کی مرے سینہ مین
سانپ سا کاٹے گی مرقد مین بہی میرے بعد

طاق ابرو مین ٹپرہو مرے جنازیکی نماز
تا کوئی بہول نہ جا دیر و حرم میرے بعد

اسکے دہلیز پہ سجاد کا کریو مدفن
تا کوئی کہا دمی نہ ٹہوکر نہ گئی میرے بعد

غزل آتش

ردیف ڈال

نہ دے سکے ہے زمستان مین مجکو ابد اٹہنڈ
لپیٹ کی سوؤ نگا وہ گل رہی کلیجا ٹہنڈ

پڑا ہے جب سے دم سرد سی مجہے پالا
بدن کو دیتا ہے لرزیکی تپ کی اید اٹہنڈ

برہنہ پہرتے ہین جاڑی مین تری دیوانے
پہٹکنے دیتے نہین گرد و داغ سودا ٹہنڈ

دکہاتی ہے مئی گلرنگ و سبزۂ مینا
شراب خوار کو ہے باعث تماشا ٹہنڈ

فراق یار مین لے ہے جو مین نے ٹہنڈی سانس
ہوئی ہی گرمی مین جاڑی کی طرح اید اٹہنڈ

غضب خدا کا صنم تیری سرد مہری سے
نہ کر سکیگا کرنہ ایسے کرکے پالا ٹہنڈ

کرون کا سوز درون سی جو اُف مین سرما مین
پہر یگی ڈہونڈہتی آتش کنار دریا ٹہنڈ

غزل نظیر

ردیف ذال

ہو کچہ آسیب تو وہان چاہیے گنڈا تعویذ
اور جو ہو عشق کا سایہ تو کری کیا تعویذ

دل کو جسوقت پری عشق کا لپٹا پہر تو
کیا کرین وہان وہ جو لکہتے ہین پلیتا تعویذ

ہم تو جب ہوش مین آوین تو کہین سی پاوین
یار کے ہاتہہ کی بازو کا گلے کا تعویذ

زور تعویذ کا چلتا تو عرب مین یارو
کیا کوئی ایک بہی مجنون کو ندیتا تعویذ

کوہکن کوہ کو کس واسطے کاٹا کرتا
دیتے غمخوار نہ کیا اسکے تئین لا تعویذ

آخر اس کی بہی گیا دل کا وہ ٹہرکنا اوس روز
قبر کا تیشے نے جب اوسکے تراشا تعویذ

ہمکو بہی کتنے ہی لوگون نی دی آہ نظیر
پر کسیکا کوئے کچہ کام نہ آیا تعویذ

غزل سودا

دفتر دہر کا ہے پیش نظر ہر کاغذ
لکھے اپنے کا نہیں علم ہی کیونکر کاغذ

لکھ رکھا ہے نہ ملی گو ترے یہاں ظلم کے داد
دون کا حاکم کو ہنگامہ محشر کاغذ

لکھنے سے وصف بنا گوش کی تیری اے یار
پاوی ہر ملک میں اب قیمت گوہر کاغذ

اسکے میں راستی قد کے ثنا لکھتے وقت
نہیں پایا کبھو محتاج یہ مسطر کاغذ

نامے اس شوخ کو میں کرکے رقم اے یارو
اتنا رویا ہوں کہ لیجاوے شناور کاغذ

وہ تو مجمر میں طرح عود کے دی ہی آتش
جب اسے بھیجوں ہوں میں کرکے معطر کاغذ

بسکہ رنگینی معنے ہیں مرے دیوان کے
ہر ورق کا ہی گلستان کے برابر کاغذ

غزل آتش

مرغوب طبع کیوں نہ ہو ایسے چٹک لذیذ
چکھا تو حسن کا ہی تمہارے نمک لذیذ

اے عزا اپنی سیب ذقن کا مزا نہ پوچھہ
جنت کا میوہ مغز سے ہی پوست تک لذیذ

مستی میں بوسے اوس لب لعلین کے لیجیے
کیفیت شراب میں ہے یہ گزک لذیذ

کس کسطرح کے ذائقے دلپذیر ہیں
کیا کیا طعام رکھتا ہے خوان فلک لذیذ

شیرین کلام کا ہے مزا جو لتا ہفین
شیر و شکر سے ہی یہ بلاشبہ و شک لذیذ

شیرین وہ لب ہی بانمکین جو ہو خوب ہے
شکر نمک سے ہو تو شکر سے نمک لذیذ

بریان ہو سوز غم سے محبت کی ساتہ دل
آتش کباب کرتا ہے دخل نمک لذیذ

غزل انشا

اکسارو آخوند سے صاحب لی ایسا تعویذ
کہ مری منہ سی لگی اوسکے گلے کا تعویذ

کچھ تو دے اپنے نشانی مجھے بند بالا
توڑ از نجیر کڑا قول کا چھلا تعویذ

دل دھڑکتا ترے عاشق کا نجاوی ہر گز
گرچہ ہو لاکھ طرح لکھدے مسیحا تعویذ

غش ہوئی گو تو اسے پھر تھا اس کافر کا
لال ناڑی میں سیند باہای وہ نیلا تعویذ

سکے باوں کے لٹک جس سے اچھا تو کہے
اب تکا مجھکو ستانی یہ نگوڑا تعویذ

خبر الشا کے جو چاہو تو پلادو دہو کر
اسکے بازو کا وہ تمنا سا رہو پہلا تعویذ

غزل مسیح

قند و نبات و شہد و شکر ہین کہان لذیذ
شیرین لبون کے جیسے کہ ہونگے لبان لذیذ

ہین سوز غم سے لیکر یہ جلتے برنگ شمع
کام آ رہا ہین میرے نہین استخوان لذیذ

ساقی ہو سیر باغ ہو اور گلعذار ہے
مشرب ہین اپنی بنت ہوئی ارغوان لذیذ

ہو کیون نہ موج شربت پیسے مرے زبان
نام اسکا لینے سے ہے ہوا میرا دہان لذیذ

ہر میوہ و مٹھائی کی لذت سے دل بھرے
لب پر ہے عام بوسہ شیرین زبان لذیذ

جب ہاتھ مین نہو وہی وہ سیب ذقن مسیح
کیونکر لگے ہین ثمر بوستان لذیذ

طرح غزل شاہ ظفر خلد اللہ ملکہ

ردیف یا

تری جو پازیب سر کا جوہر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر
ہوئی ہین جلوہ نما چمک کر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

دفور اشکون کا ہی ہمارے نکلتے بالون مین ہین شرارے
کیونکہ ہون عرش پر بچھا در زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

پھپھولے پاؤن مین ہین نمایان تو سر پہ داغ جنون ہوا ان
نہ دیکھی مین دیوانے کیونکر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

ذرا جبین پہ عرق فشان پر تو اپنی افشان کھائی چمک کر
کہ تا بنظر آدین ماہ و پیکر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

نہ سیر گل نہ جوش شبنم نہ چمکی جگنو ہوا پہ ہر دم
نظر شب آتی تھی مجھکو یکسر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

ادھر تو فوارے چھوٹتی ہین ادہر ہین اشجار پر چراغان
نئی ہی سیر اک چمن کے اندر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

زمین نہایت ہی تھی یہ مشکل ظفر استاد پردہ کامل
غرض کہائی وہی بنا کر زمین پہ گوہر فلک پہ اختر

غزل عزیز الدین

چوسر کیون نہین کھیلون پیا سنگ اری مار
اس او سر کے نیٹ سار جانو یہ دن ہین تن چار

سات پانچ کی کچی پکی باتون سی ہو وہی ہار
داؤ کہی سو رنگ ہے واکو وہی جیتے سو بار

جو جیتے سو پیا کو جیتے جو ہاری سو ہے پیالا
تیری تو سب طرح جیت ہے جیت ہی مت کر سوچ بچار

اشتوا ہی کہا نہ چلے ہی کری ہی وہاندل راز
چھپ چھپ کی چھوٹ جاوینگے تیری تن کنا گگ

آٹھ پہر یام انکی سدھ بدھ راکھیے جو کھلی دس دوار
تو نند بار اسد ہون تب جے جو نتون انکو شمار

گری گھرت مین پہلی بجھاؤن دس پنگاؤن بار
تیرا بھلا اسمین ہی پیارے کام کیلئے ہزدار

دس ہین دوار اور پانچ تت ہین ان شبد رہ کو بچار
چودہ بھون تب ہے کہین تو کو جو بجے جھنکار

اتبو دو رنگ ہے یک ہو جا اور نہ کر تکرار
جا کو ست رہی سو لے پیالو اور کرے پیا پیار

بارہ ہین باٹین اٹھارہ ہین پنتھ اور چھپن ہین ہزار
تو چل گرو کی تبا مین چالین پاتھہ اتر سنگے پار

گری گر سے پل پل چہن جیت بیری بیری پکار
لال ہری سی ملا تو جو چاہی شام صورت چت دھار

سب کچھ پانسون ہین پانسی ہاتہ مین بیکن کی مختار
چاہی کچھ آور آوین کچھو اور یا تھہ ہین لاچار

اور پروا کو خوب سو جھی ہی اسکا کہا ست تار
جگ جگ جیو عزیزالدین پر اٹھنا ہی یکبار

غزل درد

اسقدر بھتا یا کرم یا ظلم اسنے اسقدر
مہربانے اسقدر نا مہربانے اسقدر

جان کو آنی دے لب تک نزع مین کب تک رہون
دشمنی مجھسے نکر اسے ناتوانی اسقدر

کیا کہون دل کا کسے سے قصہ آوارگی
کوئی بھی بے ربط ہوتی ہے کہانی اسقدر

درد تو کرتا ہی معنی کی تئین صورت پذیر
دست رس کہتی تھی کب بہزاد مانے اسقدر

غزل آتش

دکھائی حسن کے اپنے جبے کہ یار بہار
یہ عشق ہو کی پکارا کرے ہے مجبار بہار

ظہور داغ محبت ہی یون مرے دل سے
چمن کی جیسے ہو پروردہ کنار بہار

فراق یار مبدل وصال سے ہووے
نکالے دل سے خزان کا یہ خار خار بہار

چمن کی سیر مین عہد مست کو دلاتی ہے یاد
دکھاکے آتش گل آب خوشگوار بہار

شباب کا ترے اے یار رنگ لاکے ہوے
بلائے عالم آشوب روزگار بہار

شگفتہ غنچہ سے اس گل کو آتی ہے یہ صدا
ترے فدا ترے صدقے ترے نثار بہار

پیادہ پا ہون پری کے تلاش مین پھرتا
جنون کو رکھتی ہے سر پر مرے سوار بہار

نمود کی خلعت شبنم نے لالہ و رخ پر — یہ داغ چھوڑ چلے اپنا یادگار بہار
کنار جوئے چمن جھومتی ہین مست ترے — بط شراب کا کہلواتی ہے شکار بہار
وہ رنگ و بو بدن یار مین جو ہی سو کہان — شگوفے اسے کہلا یا کرے ہزار بہار
کرم سے ابر کرم کے تری یہ فیض ہی عام — ترا دیا ہوا رکھتی ہے اعتبار بہار
تصور رخ رنگین مین بند رکھتا ہون — بہار فصل مین آنکھون سے ہے ادھار بہار
شگفتہ ہوکے نسیم سحر سے غنچے ہون گل — اوٹھائی پردہ رو سے نقاب دار بہار
نظارہ دیدۂ بلبل سے کیجیے اب کے — خدا جو چاہے تو آتش ہو سازوار بہار

غزل نظیر

ہرگز نہ پلاے مجھے تو آنکھہ بدل کر — ساقی ترے کوچے سے نہ جاؤنگا سنبھل کر
مین کشتۂ ابرو ہون ترا ای مرے قاتل — آئی ہو لیے ہاتھ مین کیون تیغ مچل کر
تمنے تو دل اپنے سے کیا قتل ہے مجکو — بیٹھے ہو عبث باندھکے باہر جو نکل کر
جب ہمسے خفا ہوکے وہ جاتا ہی شمع رو — خاموش ہو رہجاتا ہون پروانہ سا جل کر
مین عاشق بیدل ہون ترا ای مرے جانی — مت آنکھہ چرا ہمسے تو ایسا نہ خلل کر
کہتا ہے نظیر اسکو ذرا پیار سے سوجا — تب آپ ہی اٹھکے کھڑا ہوتا ہی وہ شوخ اوچھل کر

غزل میر تقی

دیکھا اوسکو ہنستے سب کے دم سے گئی اکھڑ کر — ٹھہرے ہی آرسے بھی دانتون مین پکڑ کر
کیا کیا نیاز طینت ای ناز پیشہ تجھ بن — مرتے ہین خاک ہی کوڑی رگڑ رگڑ کر
قد کش چمن کی اپنی خوبی کو پہونچے ہین — پایا پھل اس سے آخر کیا سرو نے اکڑ کر +
وہ سر چڑھا ہی اتنا اپنے فروتنی سے — کھویا ہمین نے اسکو ہر لحظہ پانون پڑ کر
پاے ثبات بھی ہی نام آوری کو لازم — مشہور ہی نگین جو بیٹھا ہی گھر مین گڑ کر
دوری مین دلبرون کے کٹتے ہی کیونکہ سب کے — آدھا نہین رہا ہون تجھسے تو مین بچھڑ کر

اب کیسا زہد وتقوے دارو ہے اور ہم ہین
بنت العنب کی اپنا سب کچھ گیا گھڑ کر

دیکھو نہ چشم کم سے معمورۂ جہان مین
بنتا ہی ایک گھر یہان سو صورتین بگڑ کر

اس تشنہ لب کے اوپر واسنے عرق کی یون ہین
یاقوت سی رکہی ہین جون موتیون کو جڑ کر

ناسازگار سے اپنی طالع کی کیا کہین ہم
آیا کبہو نہ یہان تک غیرون سی یار لڑ کر

اپنے مزاج مین بہی ہی میر ضد نہایت
پھر مرہی کی اوٹھینگے بیٹھین گے ہم جو اڑ کر

غزل سودا

اوٹھ جاتی مین ہی روز مزا یار سے لڑ کر
ملتے ہین تو پھر چھاتی کو چھاتی سے رگڑ کر

پوجون ہون مین جس بت کو خدا کا ہی تراشا
آذر نہین لایا وہ مرے واسطی گھڑ کر

خود کردہ کا درمان کہو اب کیا کرون یارو
دل اوسنی لیا مجہسے نہ لڑ کر نہ جہگڑ کر

کہتا تھا یہ سودا وہ نہ چاہیگا کہان تک
جا بیٹھونگا دروازے پہ اب اسکی مین گڑ کر

نادان ہے سمجھے کہ محبت نہین وہ شے
در پر کسے کے بیٹھیے جسکے لیے اڑ کر

غزل ناسخ

جیتے جی جاون مین کیونکر کوئی جانان چھوڑ کر
بلبل نالان کہان جائے گلستان چھوڑ کر

چاہیے وحشت مین جامہ چاک ہونا روح کا
دامن قاتل کو یون اپنا گریبان چھوڑ کر

وصل جانان مین نظر آیا مہ شعبان مجھے
سبزہ کیا دیکھون خط رخسار جانان چھوڑ کر

کاوش غم دور ہو میرے دل ویران سی کیا
خار اتے ہین کہین صحرا کا دامان چھوڑ کر

روح لیلے کا عبث ہی تجھکو مجنون انتظار
بوی گل کب دور گرتی ہی گلستان چھوڑ کر

وصل جانان کسکے قسمت مین ہمیشہ ہی دلا
جاتی ہی یک بار آخر جسم کو جان چھوڑ کر

مین نے جب لکھونگی مضمون کا پڑا وحشت مین شعر
کوی جانان کو چلے آہو بیابان چھوڑ کر

غور ہی ساقی مرا کیونکر ہے مے مجہپر حرام
واعظا کرتا ہی کیا باتین تو ایمان چھوڑ کر

ہو الہی وصل جنت مین سجے محتسب کو یار کا
کب وہ انسان ہی جو مانگی حور انسان چھوڑ کر

سانپ کو قابو مین لا کر چھوڑ دینا جہل ہے
سر پٹکتے پھرتے ہین ارواح سنگ وحشت سے
اعتبار اصلا نہین کرتے جہان زرنگین
زاہدا کیون کر کرون مین ترک یہ دنیا وہ ہے
آج تو پوشاک پر مرتا ہی کل تو دیکھیو
روشنی کی سیر جب مین نے شب فرقت ہین کے
دیکھیو فرقت نہ بکھے ہو جو برق دائمہ کے
عیش تنہائی ہو امردون کی کثرت سی محال
ہو وطن مین خاک سیری گوہر مضمون کی قدر
کوئی قاتل کو چلے وحشت مین یون صحرا سی ہم
ہوتی ہے غربت مین ثروت سیر سے ایذا کی بعد
اہل جوہر کو وطن مین رہنی دیتا گر فلک
مرگیا کیا ناسخ میکش جو ساری میفروش

جان سی مایوس ہو نہین لعل جانان چھوڑ کر
چل بسے ہین جسم کیا کیا قصر ایوان چھوڑ کر
اوٹھہ گیا دنیا سے خاتم کو سلیمان چھوڑ کر
سیر کو آئی تھے آدم باغ رضوان چھوڑ کر
جائیگا نباش تیری لاش عریان چھوڑ کر
شعلے آ لپٹے مجھے سرو چراغان چھوڑ کر
خندہ زن جاتا ہی ظالم مجھکو گریان چھوڑ کر
جاؤن یارب اب کہان شہر خموشان چھوڑ کر
لعل قیمت کو پہنچتا ہے بدخشان چھوڑ کر
بھاگتی ہین جسطرح سے تیر میدان چھوڑ کر
رنج اوٹھایا کسقدر یوسف نی کنعان چھوڑ کر
لعل کیون اس رنگ سی آتا بدخشان چھوڑ کر
مسجدون مین بیٹھی ہین وہ اپنی دوکان چھوڑ کر

غزل نصیر

دست انداز نہ گلچین ہو مرغان چمن
رکھتے پہلو مین ہین شاخ گل تر سے تلوار

گذری شب وصل کی گر قتل مجھے تو بیکر
نیچہ مہر گریبان سحر سے تلوار

کیا اسے تحفہ سے قابل یہ گنہگار تھا آہ
تم مرے قتل کو لائی جو سفر سے تلوار

لطف بن اسکے ہے کیا بادہ کشی کا ساقی
لب ساغر کے نہین کم یہ تبر سے تلوار

قتل ہونے کو نہ باندھے اگر عشاق کمر
قطرۂ خون کو ستمگر ترے تر سے تلوار

دیکھتا کیا ہے کہ ہی معرکہ آرا سے آج
برق چمکائے ہے انداز دگر سے تلوار

چاہتا ہون مین کہ ہی ابر مژہ سے تجھے بھی
موج ہر اشک کے تلوار یہ بر سے تلوار

امتحان کے ہوس اتنک بھی ہی اس ظالم کو
مر گیا تا بکمر کھا کے مین سر سے تلوار

دم چراُنیکا گمان ہی یہ کہ کرتا ہے تیغ
میرے تربت کی سدا لوح حجر سے تلوار

لخت دل پہنین تار مژہ پر طفل سر شک
پاؤن مین باندھ کے پھرتا ہی نہر ہی تلوار

قیس و فرہاد کہان جا ئین تری ہاتھ سی عشق
کاش لین راہ عدم یار کے سر سے تلوار

خار صحرائے جنون خنجر لیے ہی بر چہے
کمر کوہ مین ہے سبزہ تر سے تلوار

غزل بادشاہ

بلبل شیدا نے پوچھا گل سے یون روز بہار
ای گل رعنا تری دامن سے کیون لپٹے ہین خار

کیا نزاکت سے گران سر ہی چشم یار کا
بار کاکل سے کمر کیونکر نہ لچکے بار بار

مطرب و مینا و ساقی نغمہ و چنگ و رباب
سب مہیا ہین ولی تیرا فقط ہے انتظار

جو گل رخسار جانان کی نہ آئی دل کو تاب
چپ رہا غنچہ و گل غیرت سے ہوکر شرمسار

گل نے کر چاک گریبان یون کہا رو رو کے زار
چشم گل کو نوک مژگان کی جگہ ہی نوک خار

تیرے مقدم کے لیے ای سیمبر گلزار مین
گل گریبان چاک کر آیا نکل بے اختیار

تیغ ابرو دیکھکر آئے ندا ای بادشاہ
لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

غزل سودا

پھینکے جو کماندار مرا تیر ہوا پر
سیمرغ بچے پھر نہ عصافیر ہوا پر

مرقد پہ مرے اوج نسیم آوی تو یون جان
دیوانہ تہ خاک ہے زنجیر ہوا پر

کر غافل گردون پہ نظر چشم فنا سے
ہی شکل حباب اسکی ہی تعمیر ہوا پر

توسن پہ تجھے دیکھ سکے مانی و بہزاد
اللہ نے کھینچی ہی یہ تصویر ہوا پر

سودا کی در دوست جو یارب کہی خاک
اس جرم کی تو کیجیو تعزیر ہوا پر

غزل ذوق

جب چلا وہ مجھکو بسمل خون مین غلطان چھوڑ کر
کیا ہی پچھتایا تھا مین قاتل کا دامان چھوڑ کر

کیونکہ نکلے تیر اسکا دل مین پیکان چھوڑ کر
پھر نہ اوٹھا کوچۂ چاک گریبان چھوڑ کر

طفل اشک ایسا گرا دامان مژگان چھوڑ کر
جا ہی بیٹھے کو کہان یہ مرغ پر ان چھوڑ کر

کام یہ تیرا ہے تہا رحمت ہی ای ابر کرم
ورنہ جاوے داغ عصیان میرا دامان چھوڑ کر

جسکو ہو لذت اوٹھائی زخم تیغ عشق کے
کب وہ مرہم دان کو ڈہونڈہی ہی نمکدان چھوڑ کر

صید دل کو کیونکہ چھوڑے جبکہ دکھلاوے نہ تو
مچھلیان دست حنائی مین مرجان چھوڑ کر

مہر و مہ سے کیسکے آگے ہے جی سرد ہے
یہان سے ہٹ جاوہو بے آب ابر بہاران چھوڑ کر

دیکھیے کیا ہو کہ ہے ابجان کی پیچھے پڑے
دل کو ای کافر تری زلف پریشان چھوڑ کر

ای دل اسکی تیر کے ہمراہ سینے سے نکل
ورنہ پچھتائیگا تو پیا تہ نادان چھوڑ کر

کیون نہ رم کرجائین آہوا یسے وحشی ہی ترے
شیر بہاگین جسکے نالون سے نیستان چھوڑ کر

سرخی پان دیکھ لے زاہد جو دندان پر ترے
اوٹھہ کہڑا ہو ہاتہ سے تسبیح مرجان چھوڑ کر

پیش خیمہ سے کے نکلا گرد باد دو درود
ہی جو سر گرم سفر تن کو مری جان چھوڑ کر

اوٹھہ گیا وہ آج سب ہستی کا سامان چھوڑ کر
تم گئے تھے کل جسے بیمار ہجران چھوڑ کر

گر عدا دیوے قناعت ماہ یکہفتہ کی طرح
دوڑ ہی ساری کو کبھی آدہی نہ انسان چھوڑ کر

ساغر دل بیچتا آیا ہون کھوٹ ہاتہ سی
چوکتا ہی کیون یہ جنس دست گردان چھوڑ کر

پڑھ غزل ای فوق کوئی گرم ہی اتبو بجا
جانب مضمون طراز گفتہ جانان چھوڑ کر

غزل آتش

پڑ گئے آنکھہ جوان چاند سے رخساروں پر
لوٹ تی کمک نظر آ گئے انگاروں پر

ابروے یار کا سر مین ہی جنون کے سودا
رقص وہ لوگ کیا کرتے ہین تلواروں پر

روز و شب رہتی ہین بلبل کیطرح سی نالان
ٹوٹے پہولون کی چہڑی ہے ہمسے گنہگاروں پر

باد کی جھونکی سے لگنے سی ہین میلی ہوتے
نازکے ختم ہی اون پہول سی رخساروں پر

موسم گل مین جو ہوتا ہے زیادہ سودا
دوڑتے پہرتے ہین ہم باغ کی دیواروں پر

جگر مین ناوک مژگان سے ہی خلل آتش
فوق پر فوق ہے ہر آن ستمگارون پر

غزل مطلب

مارتا ہون تمہاری مین ھر بار
آشنا و ملکین سب بڑائے یار

تمکو لازم ہے پکڑوگے میرا
ہاتہ مین ہاتہ با محبت و پیار

مجھکو پیار سے لگے تمہاری آج
چال دھیمی اے سروخوش رفتار

خوب کروایا اب تو مست کروا
مجھکو رسوا کوچہ و بازار

ایکذرہ بھے تو مجھکو کرنے دی
یار من درد دل کے اب تکرار

حکم ہووے تو آج مارون مین
کھینچکر پیٹ مین عدو کے کٹار

گرچہ مطلب کا خوش لگے تمکو
تو پڑہو ریختہ سجن للکار

غزل غیور

تحسین بہی نکی شیرین نی کچہ تیشہ زنی پر
پتہر پڑین فرہاد ترے کوہکنے پر

اوس لب نے نہ اک لعل کا بازار کیا سرد
کچہ آگ سے ہے ایک عقیق یمنے پر

اون زلفون کا عنبر کے تئین دیکہہ ہوا خوار
سرپوش دہرا نافہ مشک ختنے پر

اب رامجی کے نام کے جپتا ہون مین سمرن
دل جبسی گرفتار ہے اک رامجنے پر

کیون سینہ و سر اپنا مین پتہر سی نہ پھوڑون
وہ وعدہ شکن ہے مری اب دل شکنی پر

کیون غنچے کے مانند گریبان نکرون چاک
گل کہاوے جو ہاتہون یہ وہ اس گلبدنی پر

شاباش غیور آفرین صد مرحبا تمکو
کیا خوب غزل کہتی ہو اس کم سخنی پر

غزل خلیق

ہی حسن ترا مہر درخشان کی برابر
دندان دُرّہ ولب لعل بدخشانکی برابر

کیا چاہیی عاشق کی تجہی قتل کو خنجر
ابرو ہین ترے خنجر بُرّان کی برابر

فرد

اوس دست حنائی کی تصور مین خلیق اب
جی ڈوب چلا پنجۂ مرجان کے برابر

کشت پر تخم عمل کے اپنے جتنا چاہی بو
نفع یہان رکہتی ہے سودا آبیار سے بیشتر

غزل تحسین

کس مزی کی رنگ سے بن بن کے آتی ہی بہار
حسن کو اپنے عجب سج سے دکہاتی ہی بہار

چاندنی ہی سیر ہے اور بادہ گلرنگ ہے
گر نہین ساقی تو کس کا فر کو بہاتی ہے بہار

مہتابی کے مزی مین ہای وہ مہتاب نے
حیف اسکے ہجر مین کیا مفت جاتی ہی بہار

جہومتی جہکتی جہمکتی جہنجہلاتے چاند سے
جو وہ گلرو پاس نہین کسکو خوش آتی ہے بہار

واہ واہ تحسین ہٹ پہ مصرعہ موزون ہوا
چاندنی کے رنگ مین کیا دل لبہاتی ہے بہار

غزل نشا

جا سکتے نہی جسکے چہپر کہٹ کے برابر
شب اونسے سلایا ہمین کروٹ کے برابر

اس ململی پوشاک پہ مسکی ہوئی چولے
ہی بگڑے ادا لاکہہ بناوٹ کے برابر

اس موسم برسات مین کیون گہر نہ ہین ہم
آنکہین بہی برستی ہین مہاوٹ کے برابر

وہ پردہ اوٹہا گہر سے جو باہر نکل آیا
غش کہا کے گرا ہٹ سے وہ چوکہٹ کے برابر

کب اوسکو اثر کرتے ہین نشا کی دعائین
تعویذ لٹکتا ہے پڑا لٹ کے برابر

غزل غیور

تحسین ہی نہ کی شیرین نی کچہ تیشہ زنی پر
پتہر شیرین فرہاد کے اس کوہ کنی پر

اس لب نے نہ تک لعل کا بازار کیا سرد
کچہ آگ لگی سمجہی ہی عقیق یمنی پر

ان زلفون کا عنبر کے تئین دیکہہ ہوا خواہ
سر پویش دہرا نافہ مشکِ ختنی پر

اب رام جے کی نام کی جپتا ہون مین ہمرن
دل جب سے گرفتار ہی اک رام جنی پر

کیون سینہ دہرا اپنا مین پتہر سے نہ پہوڑون
وہ وعدہ شکن ہے میرے اس دل شکنی پر

کیون غنچہ کے مانند گریبان نہ کرون چاک
گل کہاوے جو ہاتہون پہ وہ اس گلبدنی پر

شاباش غیور آفرین صد مرحبا تم کو
کیا خوب غزل کہتے ہو اس کم سخنی پر

غزل انشا

ای دل سمجھ کے اسکے زلف دوتا کو چھیڑ
کمبخت کیا کرے ہی نہ کالے بلا کو چھیڑ

غنچون کو روند گل کو مسل اور صبا کو چھیڑ
لیکن نہ اسکے عقدۂ بند قبا کو چھیڑ

مین فندقین جو اون کی رچانے لگا تو وہ
بولے کہ چل پرے ہو نہ میری حنا کو چھیڑ

نالون سے میرے بچتے جو بلبل تو بولی آپ
واہ ای اجڑ گئے نہ میری آشنا کو چھیڑ

ای ہم نشین یہ موسم ہولی ہے ان دنون
منظور ہے جو سیر تو اس خوش ادا کو چھیڑ

لیکن تو اور سانگ نہ لا سر پہ اپنے ایک
نیلا قصابہ باندھ کے انکی دوا کو چھیڑ

شوریدگان عشق سے بات تو نہین مت اولجھ
ای بے ادب پری نہ گروہ خدا کو چھیڑ

چمکا نہ میرے سامنے اسے مہر آئینہ
کہتا ہون بات مان نہ اہل صفا کو چھیڑ

اک بوالہوس نے انکے جو انا سے کچھ کہا
رستی مین اپنے توسن حرص و ہوا کو چھیڑ

برقع اولٹ کے منہ سے وہ کہنے لگے کھینچ
ہنیا کو اپنے چھیڑ اور اپنے بوا کو چھیڑ

دیکھی ہی بحی کسیکو دوانہ تو کچھ نہین
ہٹیا کسے جوان سے ساز و وفا کو چھیڑ

لجا کے چپکے چپکے دوشالے کے نیچے ہاتھ
ناخن گرد کے چٹکی لے انگشت پا کو چھیڑ

انشا جو ہونی ہووے سو ہول کہی ہی یون
تا چند ضبط آج تو اوس دلربا کو چھیڑ

غزل سودا

ہی دیکھ تحمل واد سے امین ہر ایک جھاڑ
روڑا ہے کون سا جو نہین طور کا پہاڑ

تیر نگہ نے تیرے دلون کو اولٹ دیا
مژگان تیری سنے دیے ہین صفونکی صفین بچھاڑ

کتنا شگفتہ رو ہے کہ مانند آرسی سے
چھاتی کے جسکے سامنی کھل جاتی ہین کواڑ

منعم نہ مر بنائے عمارت کے فکر مین
یہ سب حویلیان نہین جہان تک ہی اوجاڑ

بدتر ہے می کے پینے سے رشوت کلال کے
کچھ محتسب سے دختر رز کے نہ کھای بہاڑ

تنہا نہ شمع رو ہی نہ سودا کی خاک پر
گل بھی تو لوٹتے ہین گریبان کو پھاڑ پھاڑ

غزل رنگین

کرون مین کہانتک مدارات روز — بہتین چاہیے سبھے وہی بات روز

مجھے گہر کے لوگونکا ڈر ہے کمال — کرون کسطرح مین ملاقات روز

مرا تیرا چرچا ہی سب شہر مین — بھلا آؤن کیونکر مین ہر رات روز

کہانتک سنون کان تو اوڑ گئے — ترے سنتی سنتے حکایات روز

کئی ہین مرے گہر مین سب تجھکو ٹالہ — کیا کر نہ رنگین اشارات روز

ایضاً وله

نالش کر باجی نی جب میرے بڑہائی پشواز — یعنے تب پیر سے وہ نگری اوڑائی پشواز

بولے اوجلی نے اک آن کی قصہ باندھا — اوس سے بندے نے وہ دہانی جو دہلائی پشواز

کرتی جالی کی سبے بہاتی ہے ہلکے پہلکے — کیون مرے واسطے باجی نی سلائی پشواز

تو دو اایک ہے اسدرے او حرفت باز — قادرسے مانگتی تہی تو دوڑکے لائی پشواز

بوجہ سے اوسکے کمر لچکی ہی ٹرتی ہی مرے — کیون جہی گہیر کے اتنا یہ پہنائی پشواز

رشک سے منہ پہ بسنتی کی گئے پہول بسنت — مین سنے رنگین یہ بسنتی جو رنگائی پشواز

غزل مشفق

کنج تنہائی مین ہے صحبت اغیار عزیز — جیسے بیمار کو پرہیز ہو ناچار عزیز

اپنے عریانے کا یون دل کو خوش آیا خلعت — جسطرح شیخ کو ہو جبہ و دستار عزیز

دل سے تا حشر اثر اوسکی نگہہ کا نہ گیا — جان کو تہا تیر مژہ طالب سوفار عزیز

اپنے عاشق سے تکلف نہین اتنا لازم — تجھسے تو جان بہی مجھکو نہین ای یار عزیز

عشق سے مین نہ جدا کہاؤن قسم ای مشفق — ترک الفت کو نہ سمجھے کوئی دشوار عزیز

غزل سودا

بال و پر ہونے نہ پائی تھے نمود ہنوز
تب سی ہم کنج قفس مین ہین گرفتار ہنوز

ہونگی پامال نکر ہمکو رہا ای صیاد
عشق پرواز نہین تا سر دیوار ہنوز

زخم شمشیر ستمگر نے کیا اپنا کام
یارو تم ڈھونڈھتی ہو مرہم زنگار ہنوز

حق تعالی اسی جتنبا رکھی اس دنیا مین
اس قیامت سے نہین ہی تو خبردار ہنوز

قیس و فرہاد کے ماتم مین تو جگ مین تب اب
دشت مین خاک بسر رونے ہین کہسار ہنوز

تیری دوری سے عجب حال ہی اس سودا کا
مین تو دیکھا نہین ایسا کوئی بیمار ہنوز

غزل یقین

خوش نہین آتا ہی بن مجنون ہمین صحرا ہنوز
ان غزالون سے ہمارا جی نہین لگتا ہنوز

اتبلک کرتا ہی تیشہ کام مین پتھر کے دخل
مانتا ہی کوہکن سے نقش کو خارا ہنوز

ہونکا لیپر بھی مستی حسن کی اوتری نہین
بھر رہا ہی می سے یہ معشوق کی مینا ہنوز

باوجود اسکے کہ ہی زخمونکے مارے خون مین غرق
آب خنجر کو ترستا ہی جگر میرا ہنوز

ہے یقین کا عشق مین ہر موزبان احتیاج
اس پہ کم ہوتی نہین اوسکی یہ استغنا ہنوز

غزل اسد

نہ گل نغمہ ہون نہ پردۂ ساز
مین ہون اپنے شکست کے آواز

تو اور آرائش خم کاکل
مین اور اندیشہای دور و دراز

لاف تمکین فریب سادہ دلی
ہم ہین اور رازہای سینہ گداز

ہون گرفتار الفت صیاد
ورنہ باقی ہے طاقت پرواز

وہ بھی دن ہو کہ اوس ستمگر سے
ناز کھینچون بجای حسرت ناز

اسے ترا غمزہ یکقلم انگیز
ای ترا ظلم سربسر انداز

اسد اللہ خان تمام ہوا
اسے دریغا وہ رند شاہد باز

غزل نشاط

اپنے آنکھون کی جھڑی ہی کم نہین برسات سے — فیض سے جسکے ہوئے ہین سیکڑون فی سنگ سبز
اشک کا قطرہ جو ٹپکا ریزۂ الماس تھا — کیا تعجب گر اثر سے اسکے ہو ہر سنگ سبز
عشق مین ہونی نہین پاتی کسی عنوان سے — غیرت و عار و حیا و شرم عار و ننگ سبز
کیون نہ ہو سرسبز انشا مثل سرو سبز آج — سبزۂ نوخیز ساقی سے ہے تیرہ بنگ سبز

غزل غالب

کب رہا ہی اب ہمین حور و بشر کا امتیاز — دیکھکر جاتا رہا تجھکو نظر کا امتیاز
اوسکا کوچہ چھوڑ کے جاوے ہے گلشن کی طرف — ہو گیا معلوم بس باد سحر کا امتیاز
نازکے جسنے رگ گل کی نہ دیکھی ہو کبھی — ہو میان کیونکر اوسی تیری کمر کا امتیاز
ہے یہ سودائے محبت ہی کہ یہان اس بات کو — کچھ نہین رہتا یہان نفع و ضرر کا امتیاز
جب نشست اغیار کے پہلو مین ٹھہری یار کے — تب ہمارا رہگیا پھر وہان کدہر کا امتیاز
اہل ہمت بوجھتے ہین خاک جب اکسیر کو — انکو کب ہوتا ہے صرف سیم و زر کا امتیاز
آگے اپنے یار کے غالب ہمین معیوب تہا — ورنہ ہے کسکے اسے عیب و ہنر کا امتیاز

غزل میر

ہوتا نہین ہے باب اجابت کا وا ہنوز — بسمل پڑے ہے چرخ پہ میرے دعا ہنوز
دن رات کو کھینچا ہے قیامت کا اور مین — پھرتا ہون منہ پہ خاک ملے جا بجا ہنوز
خط گاڑھے لاکے تم تو منڈا بھی چلے وے — ہوتی نہین ہمارے تمہارے صفا ہنوز
غنچے چمن چمن کھلے اس باغ دہر مین — دل ہی مرا ہے جو نہین ہوتا ہی وا ہنوز
احوال نامہ بر سے مرا سنکے کہہ اوٹھا — جیتا ہے وہ ستم زدہ مہجور کیا ہنوز
غنچہ نہ بوجھ دل ہے کسی محبت زار کا — کھلتا نہین جو سعے تیرے صبا ہنوز
توڑا تھا کس کا شیشۂ دل تونی سنگدل — ہی دل خراش کوچے مین تیرے صدا ہنوز
چلو مین اسکے میر لہو تہا سو پی چکا — اوڑتا نہین ہے طائر رنگ حنا ہنوز

بے بال و پر اسیر ہون کنج قفس مین میر	جاتی نہین ہے سر سے چمن کے ہوا ہنوز

غزل شہید کے

ترے پر سے جھڑنے لگی شرر نہ تڑپ تو بلبل زار بس	جلیگا قفس جلیگا قفس جلیگا قفس جلیگا قفس
انہین گو کہ بارہوان سال ہی مری مجھ سے یہی مقال ہے	ابھی تو ترس ابھی ترس ابھی ترس ابھی ترس
کوئی کاروان جو نکل گیا سو لکھی تھیں یہ کول اوٹھا	وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس
تری غمزہ یکا ہون بریدہ سر آرے خنگ جو مرے قتل پر	نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس نہ کمر کو کس
تجلی کسی کی فسون گر ہے کہ وہ زلف سانپ سی جسکو ٹھری	گئی دل کو ڈس گئی دل کو ڈس گئی دل کو ڈس گئی دل کو
تجھے دیکھا جسنے ہی ایک بار سے بخدا کسو کو نظارہ کیے	نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس نہ رہی ہوس
تو شہید کے ابر سیہ ہے کہ وہ شرابی پیتی ہون جس جگہہ	وہین جا برس وہین جا برس وہین جا برس وہین جا برس

غزل محکم

مجھے حیف ہی تیرا ای صنم کہون آہ جا کی کیس ہی بار	نہ ملا درس نہ ملا درس نہ ملا درس نہ ملا درس
یون پکار اوٹھا تیری در پہ شب مجھی جو رکھی کی وہ یہ نقب	تیرا آج عس تیرا آج عس تیرا آج عس تیرا آج عس
تیری ہجر مین مجھی اے صنم یہان پورے روتی دو ماہ کم	ہوی دو برس ہوی دو برس ہوی دو برس ہوی دو برس
تب نکم آتے اوٹھا بھڑک بخدا صنم یہ جگر میرا	نہ پیا چرس نہ پیا چرس نہ پیا چرس نہ پیا چرس
مجھے برہمن محکم کہر باہین جان کر جو لپٹ گیا	ہر خار و خس ہر خار و خس ہر خار و خس ہر خار و خس

غزل ثابت

پھنس گئے عندلیب ہو بیکس	واے تنہائی اور کنج قفس
قیس لیلے سے مل گیا شاید	نہین آتے ہے آج بانگ جرس
شب جو مین اوسنے راہ مین لپٹا	خوف حاکم رہا نہ بیم عس
ہاتھہ پائی ہوئی کچھ ایسے کہ بس	اوکی انگلی کے چڑھ گئے جھٹ نس
لگے کہنے کہ میرے دامن کو	نہین اتنک کیا کسو نے مس

ہفت جل جائیگا پری بہی سرک	ارے ہین آگ ہون اور توہی خس
جب یہ سمجہے کہ چہوڑتا ہے نہین	تب تو ٹھہرے کہ دینگے بوسی دس
گن کے دس لیلے گیا رہوان نہ سہی	ہمکو پیٹے کرے جو زیادہ ہوس
ایک دو تین چار پانچ چہہ سات	آٹھہ نو دس ہوے بس انشا لبس

غزل مشفق

آپنے بہیجا تہا خط جو اپنے اس احقر کی پاس	وہ ہمیشہ رہتا ہی بالای تکیہ سر کے پاس
دور ہی سے دیکہہ کے دربان خفا ہونے لگا	ڈرتے ڈرتے پونہچی ہم جسدم تمہارے در کی پاس
کانو نہین بندے تمہارے دیکہکر کہتے ہے خلق	کیا ہی روشن دو ستارے ہین مہ انور کے پاس
اور بہی مخمور چشم یار ہو جاتی ہے مست	میکدے مین شیشہ جب آجاتا ہی ساغر کی پاس
عقدہ دل صاف کہلجائی گا ای مشفق مرے	حل مشکل کا ہی نسخہ خالق اکبر کے پاس

ردیف سین مہملہ غزل سعدیل متخلص معروف

لیچلو مجہکو اوس آئینہ رخسار کی پاس	خاک ہی زندگی جو یار نہین یار کے پاس
نرگس مست کا مت رکہہ دل بیمار خیال	یعنی بیمار کو رکہتی نہین بیمار کے پاس
ذبح کرتا ہی تو کر پر ذرا اتنا کیجو	رکہیو قاتل تو مجہے اپنی ہی دیوار کے پاس
جی مین آتا ہے کہ اب بیٹہل جگا	دہونے دی بیٹہی اب زلف دہولندار کی پاس
اب خیال اوسکا سر افراز کری ہی معروف	شہ قدر نجہ کرے جا کبہی نادار کے پاس

غزل رضا

تمنے کچہ قدر مرے آہ نجانے افسوس	قدر دانے سے کوئی بات نمانے افسوس
داستان درد کے اپنی مین کہون کس سے اجی	کوئی سنتا ہے نہین میرے کہانے افسوس

دل اگر کہتے ہیں ہوتا تو یہ دکھہ کیون ہوتا
ہے بغل میں بھی مرا دشمن جانی افسوس

چشم تر ضعف بدن خشک لب زردی رنگ
یہ ملے درد محبت کی نشانے افسوس

رحم آتا ہے رضا دیکھہ ترا حال مجھے
مفت برباد گئے تیرے جوانی افسوس

غزل میر

اے ابر تر تو اور کسی سمت کو برس
اس ملک میں ہماری ہی چشم تر ہے بس

حرمان تو دیکھہ پھول بکھیرے تھے گل صبا
یک برگ گل گرا نہ جہان تھا مرا قفس

مژگان بھی بہ گئین مری رونی سے چشم کے
سیلاب موج مارے تو ٹھہری ہی کوئی خس

مجنون کا دل ہون محمل لیلے سے ہون جدا
تنہا پھرون ہون دشت مین جون نالۂ جرس

ای گریہ اسکے دل مین اثر خوب ہے کیا
روتا ہون جب مین سامنے اسکی تو دیوی ہنس

اسکی زبان کے عہد سے کیونکر نکل سکون
کہتا ہون ایک مین تو سناتا ہی مجکو دس

حیران ہون میر نزع مین اب کیا کرون بھلا
احوال دل بہت ہے مجھے فرصت یک نفس

غزل آتش

پھر تو کہہ بھرے کے دم سرد میرے ہونٹھ نچوس
ہان وہ کسطرح کی بیدرد مرے ہونٹھ نچوس

نہر ہے لعل سے زینت سے تیرا کہنا
رنگ یاقوت ہی یہان گرد مرے ہونٹھ نچوس

رہ نصیحت نہو چلون تو مجھے چھوڑنے دے
دیکھہ جا گکہ ہے یہ بے پردہ مرے ہونٹھ نچوس

مجکو حیران نکر چھوڑ ترے دہشت سے
دیکھہ رخسار ہوی زرد مرے ہونٹھ نچوس

صدقے اس ناز کے انشا سی یہ کہنا چل بے
چوٹ لگتے ہی ہوا درد مرے ہونٹھ نچوس

غزل شہید

نہو گا مجھسا دنیا مین کوئی ناکام سو سو کوس
کہ مطلب بھاگتا ہی سنکے میرا نام سو سو کوس

ہمارے شکل سے ہین اب ناکہ اے ہمدم
بلاتے تھے ہمین جو بھیجکر پیغام سو سو کوس

مبارک ہو تمہین اے ہمصفیر و سیر گلشن کے
ہمارے راہ مین پھیلے ہوئے ہین دام سو سو کوس

نکالا آسمان نے جسگھڑی کوچے سے جانان کے
ہوا تھا ناتوان غم کو ہر ہر گام سو سو کوس

مریض عشق کی اپنی خبر لے جلد ای ظالم
ہوے ہین دور اس سے طاقت و آرام سو سو کوس

نہ اکدن خضر نے بھے آسکے پیر رہنمائی کے
بہٹکتا ہے رہا مین صبح سے تا شام سو سو کوس

غضب ہی حال سے اپنی نہین واقف ہے وہ بیتاب
شہیدی جسکے خاطر سے ہوے بدنام سو سو کوس

غزل حاجی

تم خفا ہو مجھسے تو مین بھی علی ہذا القیاس
آپ کے خو ہی وہی میرے علی ہذا القیاس

تم جو کہتے ہو کہ تجھسے کچھ غرض مجھکو نہین
ہمکو کب پرواہی اب تیری علی ہذا القیاس

کون تو میرا مین تیرا کون ہو تم کہتے ہو
کچھ مرے دلمین بہی اب سوجھی علی ہذا القیاس

کوئی امید وفا پر مت لگاؤ اوس سے دل
ہو گئی ایک مجھسی نادانی علی ہذا القیاس

بیٹھتے ہین جسطرح نزدیک تیرے آکے غیر
ہوگا میرے پاس بہی کوئی علی ہذا القیاس

کیجیے بدنام مجھکو خوب لیکن میرے ساتھ
ہوگے صاحب کی بہی رسوائی علی ہذا القیاس

پوچھتے کیا ہو کہ اس حاجی نے دلکو جسطرح
کہو دیا تہا جان بہی کھوئی علی ہذا القیاس

غزل شاہ ظفر خلد اللہ ملکہ

تضمین

جو کہ سینے مین ہی داغ دل ہو ز انکی طپش
وہ نہو حشر کے دن مہر درخشان کی طپش

خاک پر میرے خس و خار نہ کیونکر جل جائین
اتنی ہے دل مین ہی سوز غم پنہان کی طپش

بہنے گو آنکھون سے رو رو کی بہاے دریا
نہ بجھے پر نہ بجھے ہان غم جانان کی طپش

نبض پر رکہتے ہی انگشت پہپولا پڑ جاے
ای طبیبو وہ بلا ہے غم ہجران کی طپش

نہین معلوم یہ کیا عشق نے بھڑکائی آگ
پھونک دیتی ہی ہمہی میرے دل و جان کی طپش

لکھہ بہ تبدیل ردیف اور غزل گرم ظفر
جسکو ہو سنکے زیادہ دل یاران کی طپش

غزل میر

اسکا خیال آوے ہی عیار کے روش
کچھ اسکے سینے پائی نہ رفتار کے روش

کیا چال ہیگی زہر بھرے روزگار کے
سب اس گزند کے ہی سیہ مار کی روش

وہ وقت دخیز گرم تو مدت سے ہو چکے
